امن عالم اور اسلام

تالیف : سید قطب شہید

ترجمہ : پروفیسر منظور احمد صاحب۔

شائع کردہ : گلستان پبلیکیشنز ۔ ۴۰۔ اُردو بازار، لاہور

صفحات : ۲۴۴ قیمت : ۱۸/۔ روپے ڈیلکس ایڈیشن : ۲۴/۔ روپے

سید قطب شہید نے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں دورِ جدید کے بہت سے پیچیدہ مسائل کا حل پیش کیا ہے اور اس ضمن میں متعدد کتابیں لکھی ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے امن عالم کے قیام میں اسلام کے کردار کو نمایاں کیا ہے۔ اسلام ایک مسلمان کو قلبی طور پر امن و سکون سے ہمکنار کرتا ہے۔ اس کی گھریلو فضا اور اس کا معاشرتی ماحول پرامن بنا دیتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کی دنیا کو عالمگیر سطح پر جنّت کا گہوارہ بنا دیتا ہے بشرطیکہ اسے نفوذ و سرایت کا موقع دیا جائے۔

جناب منظور احمد صاحب کا ترجمہ سلیس اور رواں ہے اور گلستان پبلیکیشنز نے کتابت و طباعت کا اچھا معیار پیش کیا ہے۔ ۲۴۴ صفحات کی اس کتاب کی قیمت ۲۴/۔ روپے البتہ زیادہ ہے۔

کتاب الفوائد المشوق الی علوم القرآن وعلم البیان

تالیف : الامام ابن قیم الجوزیہ

ناشر : دار نشر الکتب الاسلامیہ۔ ۱۹ گورونانک پورہ۔ گوجرانوالہ

سفید کاغذ۔ سائز $\frac{18}{8} \times 22$ عربی ٹائپ

صفحات : ۲۶۰ قیمت : ۱۵/۔ روپے

قرآنِ پاک کی فصاحت و بلاغت کے موضوع پر عربی زبان میں امام ابن قیم کی یہ کتاب بڑی وقیع ہے۔ اس میں امام موصوف نے ڈیڑھ سو کے قریب ایسے عمدہ اسالیبِ بیان اور اصنافِ سخن کا ذکر کیا ہے جن سے کلامِ الٰہی آراستہ و مزین ہے۔ ہر صنفِ سخن کی مختصر تعریف کرنے کے بعد متعلقہ آیاتِ قرآنی کو بیان کیا ہے اور لغتِ عرب اور اشعارِ عرب سے بھی امثلہ و شواہد پیش کئے ہیں۔ آخر میں اعجاز القرآن تلوین الخطاب اور دیگر اہم قرآنی مباحث پر بھی محققانہ کلام فرمایا ہے۔

ہم اس نایاب علمی کتاب کی اشاعت پر دار نشر الکتب الاسلامیہ کی خدمت میں ہدیۂ تبریک پیش کرتے ہیں۔